سوال

حدیث کے الفاظ کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیا ان الفاظ کے ساتھ کوئی حدیث موجود ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے ستر ہزار لوگ دجال کا ساتھ دیں گے اور ان کے سروں پر سبز چادریں ہوں گی۔؟۔ ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان الفاظ سے مروی یہ روایت سخت ضعیف اور ناقابل احتجاج ہے، حدیث کے الفاظ یہ ہیں-

ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

’’یتبع الدجال من أمتی سبعون ألفا علیھم السیجان‘‘

میری امت میں سے ستر ہزار ایسے افراد دجال کی پیروی کریں گے، جن پر سبز چادریں ہوں گی۔(مصنف عبد الرزاق: 20825، شرح السنة: 7/375، الضعیفہ: 20825) اسنادہ ضعیف جدا۔

اس روایت کی سند میں ابوہارون عمارہ بن جوین عبدی متروک وکذاب راوی ہے۔ (التقریب)

البتہ سبز چادر اور پگڑی کو شعار اور مذہبی علامت بنانا ناپسندیدہ اور مکروہ فعل ہے، کیونکہ سبز چادر اور پگڑی کو مذہبی علامت بنانا یہود کا طرز عمل ہے۔

انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

’’یتبع الدجال من یہود اصبھان سبعون الفا علیھم الطیالسة‘‘

اصبہان کے یہود میں سے ستر ہزار ایسے افراد دجال کی پیروی کریں گے ،جن پر سبز چادریں ہوں گی۔ (صحیح مسلم :2944)۔

یہ حدیث دلیل ہے کہ سبز پگڑی اور سبز چادر کو مذہبی شعار بنانا یہود کا طریقہ کار ہے ،جب کہ مسلمانوں کو یہود و نصاریٰ سمیت دیگر کفار کی مشابہت اختیار نہ کرنے کی تاکید کی گئی ہے ،اوران کی مشابہت اختیار کرنے اور نقالی کرنے پر سخت وعید وارد ہے۔

ابن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :

من تشبہ بقوم فھو منھم

جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی وہ ان ہی میں سے ہے۔ (مسند احمد :2/50،سنن ابوداود :4031)۔اسنادہ حسن

وباللہ التوفیق

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ